**نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب**

**21- ڈیوس روڈ لاہور**

**Ph.042-99200731,
99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**

**www.facebook.com/AgriDepartment**

**پریس ریلیز**

**محکمہ زراعت پنجاب نے کماد کی گھوڑا مکھی کے تدارک کیلئے ایڈوائزری جاری کر دی**

**لاہور: 25 جولائی2026:** ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ کماد کی فی ایکڑزیادہ پیداوار کے حصول کیلئے فصل کو نقصان دہ کیڑوں کے حملہ سے محفوظ رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ گھوڑا مکھی(Sugarcane Pyrilla) کماد کی فصل کا رس چوسنے والا کیڑا ہے۔ گھوڑا مکھی کے بچے اور بالغ نچلی سطح سے رس چوستے ہیں۔ ان کے جسم سے نکلنے والے مواد کی وجہ سے کالے رنگ کی پھپھوندی لگ جاتی ہے جس سے پتوں میں خوراک بنانے کا عمل رک جاتا ہے۔ کماد کی گھوڑا مکھی کو ختم کرنے کیلئے کاشتکارایسے کھیتوں میں جہاں طفیلی کیڑا وافر مقدار میں موجود ہوطفیلی کیڑے کے انڈے اور کو یوں والے پتے 6 انچ لمبائی میں کاٹ دیں۔ کماد کی سفید مکھی کے بچے پتوں سے رس چوس کر نقصان پہنچاتے ہیں۔ زیادہ حملہ کی صورت میں پتے پہلے ہو کر خشک ہو جاتے ہیں اور پودوں کی بڑھوتری رک جاتی ہے۔ گھوڑا مکھی کے حملے کی صورت میں کاشتکار اس کے بالغ اور بچوں کو دستی جالوں سے پکڑ کر ختم کریں۔حملہ تھوڑی جگہ پر ہو تو حملہ شدہ پتوں کو کاٹ کر زمین میں دبادیں۔ گنے کی اونچائی چھ فٹ ہونے سے پہلے محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے دانے دارز ہر کا استعمال کریں۔ کاشتکارگنے کی کھوری کو ہرگز نہ جلائیں تا کہ اس میں موجود مفید کیڑے محفوظ رہیں۔کماد کی فصل پر ضرر رساں کیڑوں کے کیمیائی تدارک کیلئے محکمہ زراعت (توسیع و پیسٹ وارننگ) کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے مناسب زہریں سپرے کریں۔

****